رشتوں کا مسئلہ اور ان کا حل۔ایک کوشش

# BETABETI.ORG

Your identity remains anonymous until you share at your own. This website facility protects your self-esteem and allows you to connect and communicate with the comparable and relatable matches. A website, which provides dashboard with statistics. You don’t need to go to marriage bureaus or advertise in media. You fill your information and fill your parameters for matching.

A Matrimonial Matching Facility without any charge or fees. A facility for all and free for all possible levels of service.

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہمارے معاشرے کے ایک اہم مسئلہ کی طرف توجہ اور حل کے لئے یہ کوشش کی جارہی ہے۔امید ہے وہ افراد جو اس مشکل سے گزر رہے ہیں ان کے لئے یہ طریقہ کار کسی حد تک معاونت کا باعث ہوگا۔

ہم نے آپ کے لئے ایک سہولت فراہم کرنے کی کوشش کی ہے۔

یہ سہولت:

- ایک ویب سائٹ ہے، اس میں رجسٹریشن فارم ہے،
- بس آپ کو اس فارم کو بھرنا ہے،
- آپ کی شناخت محفوظ رہے گی۔ جب تک کہ آپ خود ظاہر نہ کریں۔
- موزوں رشتوں کی فہرست بغیر نام، بغیر فون نمبر اور بغیر ای میل ایڈریس کے آپ کے سامنے آجائیگی۔
- آپ اسی ویب سائٹ کی سہولت کے ذریعے رابطہ کریں گے اور آپ سے رابطہ کیا جائیگا۔
- جہاں آپ مطمئن ہوں ان سے رابطہ کریں اور اپنے معاملہ کو آگے بڑھائیں۔
- اس سہولت کی کوئی فیس نہیں ہے مگر اسپانسرز اور اشتہارات کے ذریعے اسے چلانے کی کوشش کی جارہی ہے۔

رشتوں کی میچنگ ایک بڑا مسئلہ ہے۔ مختلف افراد انفرادی اور اجتماعی کوشش کر رہے ہیں۔ کئی افراد رفاہ عامہ کی بنیاد پر اور کئی روزگار کے لئے یہ کام کر رہے ہیں۔ بہت سارے شادی گھر موجود ہیں مگر اس مسئلہ کے حل کے سلسلے میں خاطر خواہ نتائج سامنے نہیں آرہے۔ اب دور جدید کے تقاضوں کے مطابق ایک ویب سائٹ کے ذریعے اس معاونت کا آغاز کیا جارہا ہے۔ مگر وہی افراد اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں جو کمپیوٹر جانتے ہیں اور انہیں انٹرنیٹ کی سہولت میسر ہے۔ اس مشکل کو حل کرنے کے لئے برادریاں اور سماجی تنظیمیں اور مساجد اور دینی ادارے ایک اہم کردار ادا کر سکتے ہیں اور جن افراد کو یہ سہولت یا تربیت نہیں ہے انہیں یہ فائدہ پہنچا سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ وہ افراد بھی اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں جو کہ اس وقت بھی اس سلسلے میں وقت دے رہے ہیں اور لوگوں کو کار خیر کے طور فائدہ پہنچا رہے ہیں یا روزگار کے طور پر مصروف رکھا ہوا ہے۔ اس کا طریقہ کار یہ ہے:

- آپ کے لئے مشورہ یہ ہے کہ آپ کسی کمپیوٹر جاننے والی کی مدد سے یہ فارم آن لائین بھریں۔ اس میں آپ کے لئے بھی اور ہمارے لئے بھی آسانی ہے۔
- آپ پہلے ویب سائٹ www.betabeti.org وزٹ کریں اور Signup لنک کلک کریں اور وہاں موجود فارم کو بھر کر Register کا بٹن کلک کریں۔
- آپ کے دیئے گئے ای میل پر ایک توثیقی (confirmation) میل موصول ہوگی جس میں موجود توثیقی لنک کو کلک کریں جس کے بعد آپ کا اکاؤنٹ متحرک (ایکٹیویٹ) ہو جائے گا۔ (اس توثیقی عمل کا مقصد یہ معلوم کرنا ہے کہ فارم بھرنے والا فرد اپنا ہی ای میل اکاؤنٹ استعمال کر رہا ہے)

۔اب آپ اپنے اکاؤنٹ میں لاگ ان ہو کر ڈیشبورڈ (Dashboard) پر موجود (Edit Profile) لنک کلک کر کے اپنے بارے میں مزید معلومات اور رشتہ کی ترجیحات (Partner Preferences) درج کر سکتے ہیں۔

- جب آپ کی فراہم کردہ معلومات ادارہ کو پہنچ جائینگی تو ادارہ اگلے چند دنوں میں آپ سے واٹس ایپ (Whatsapp) voice یا message پر رابطہ کر کے آپ کے وجود کو کنفرم کرے گا۔ اس کے بعد آپ کو آپ کی مطلوبہ میچنگ کی تجاویز سامنے آئینگی۔

- ہم نے میچنگ کے چند پیمانے متعین کئے ہیں۔ جب ہم کمپیوٹر میں ان معلومات کو ڈالیں گے تو ہمارا سافٹ ویئر ان پیمانوں کے مطابق ہمیں ایک فہرست فراہم کرے گا۔
- جو فہرست ڈیش بورڈ پر ہم آپ فراہم کو کریں گے، اس فہرست میں موجود تجاویز کو دیکھ آپ فیصلہ کریں کہ کس سے رابطہ کرنا ہے، اس کے بعد آپ رابطہ کے بٹن کو کلک کریں اور اپنی جانب سے مزید معلومات کی خواہش کا اظہار کریں۔ جب تک آپ اپنی شناخت نہیں کرائیں گے، دوسرے فریق کو علم نہیں ہوگا کہ آپ کون ہیں۔ اس کی وجہ سے چند خطرات کا اندیشہ ہے، اس لئے آپ اپنی بنیادی معلومات فون پر بات کئے بغیر فراہم نہ کریں اور نہ ہی اپنے گھر بلائیں۔
- اس کے بعد آپ اپنے اکاؤنٹ میں لاگ ان ہو کر Dashboard پر موجود لنک (View Matching Profiles) کلک کر کے مطلوبہ میچنگ کی تجاویز دیکھ سکتے ہیں۔
- آپ اس کے بعد رابطہ کا بٹن دبا کر ان افراد کو ویب سائیٹ کے توسط سے ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔ اس وقت آپ اپنا رابطہ کی تفصیلات دینا چاہیں تو دے سکتے ہیں۔
- آپ کی شخصی یا شناختی معلومات، فون نمبر یا ای میل ایڈریس دوسرے لوگ نہیں دیکھ سکیں گے۔ آپ کو صرف معروضی تجاویز آئینگی اور آپ کے متعلق بھی معروضی اور عمومی معلومات ویب سائیٹ پر دوسرے افراد کو مہیا ہوں گی جبکہ شخصی اور خاندانی معلومات رابطے کے بعد فریقین (آپ) ایک دوسرے کو مہیا کریں گے۔
- رابطہ کے بعد دیئے گئے نمبروں پر رابطہ کریں اور پہلی ملاقات گھر پر نہ کریں بلکہ اس کے لئے آپ کسی عوامی پارک، سپر مارکیٹ یا کسی دعوتی یا تبلیغی اجتماع یا سوشل مرکز پر کریں تاکہ اگر کوئی گھوسٹ بن کر دھوکا دینا چاہ رہا ہے تو آپ محتاط ہو جائیں۔ اگر اس سلسلہ میں محلہ یا برادری یا سماجی تنظیمیں آگے آئیں تو بڑی سہولت ہو جائیگی۔
- ویب سائیٹ کے ذریعے جب آپ متعلقہ افراد سے رابطہ کریں گے تو اس وقت آپ رابطہ کے لئے فون نمبر لکھ سکتے ہیں اور ان افراد سے فون نمبر بھی حاصل کرنے کا کہہ سکتے ہیں۔ مگر اس میں احتیاط ضروری ہے۔ جس معاشرہ میں رہ رہے ہیں اس میں بہت محتاط طریقہ پر آگے بڑھنا ہوگا۔
- اس ویب سائیٹ میں موجود فارم کو والدین، گھر کے سینیر افراد یا برادری کے معاون افراد بھریں تاکہ اس کے غلط استعمال کو روکا جاسکے۔ آپ کے بچے اگر اس فارم کو اپنی مرضی سے بڑھیں گے تو کوئی غلط فیصلہ ہو سکتا ہے۔ البتہ اگر والدین اپنی موجودگی اور اپنی ہدایات کے مطابق یہ فارم بچوں سے بڑھوائیں تو بہتر ہوگا۔
- آپ کے رابطہ کا ریکارڈ ہمارے پاس ہوگا لہٰذا غلط استعمال کی کوشش منظر عام پر آسکتی ہے۔ یہ ایک پاکیزہ سہولت ہے اور اس سہولت کو پاکیزہ ہی رہنے دیں اور اسے نہ تو غلط استعمال کریں اور نہ ہی غلط استعمال کا ذریعہ بنیں۔
- یہ سہولت حال ہی میں شروع ہوئی ہے اور اس میں ڈیٹا آنے میں بھی وقت لگے گا مگر آپ حضرات سے اس سلسلے میں معاونت کی درخواست ہے۔ امید ہے چند ماہ میں اتنے کوائف آجائیں گے کہ یہ ویب سائیٹ ایک بہت بڑی معاشرتی ضرورت اور سہولت بن جائیگی۔ انشاءاللہ۔ اللہ کریم ہماری نیتوں کو خالص رکھے اور اس کوشش کے ذریعے انسانوں کو آسانی میسر ہو جائے۔
- آپ اس بات کی کوشش کریں کہ آپ کے ادارے اور برادری میں افراد کو اس سہولت کا علم ہو جائے۔ اس کے لئے آپ اپنے گروپز میں ای میل اور میسیجنگ بھی کر سکتے ہیں۔
- یہ مفاد عامہ کی ایک سہولت ہے اور اس سے ناجائز فائدہ اٹھانے اور دھوکہ دہی کی بھی کوشش کی جاسکتی ہے۔ اسے روکنے کا اہتمام تو کیا گیا ہے مگر احتیاط آپ کی ذمہ داری ہے۔ والدین خود فارم بھریں اور خود ہی رابطہ کریں۔


- بعد کے مراحل میں ہم اس بات کی کوشش کریں گے آپ متعلقہ افراد سے براہ راست رابطہ قائم کرسکیں۔ اس سلسلہ میں ہم اجتماعی پروگرام بھی منعقد کرسکتے ہیں۔
- ہم سمجھتے ہیں کہ برادریاں، سماجی ادارے، رہائشی علاقوں کی تنظیمیں، مساجد اور این جی اوز اس سلسلے میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔
- اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لئے کوئی فیس نہیں ہے، البتہ مخیر حضرات سرپرستی کرسکتے ہیں۔ سرپرستی کے لئے آپ اسپانسر شپ کے بٹن دبا کر رقم جمع کرانے کے لئے معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔ آپ اس پروجیکٹ کی تشہیر کرکے لوگوں کے معاون بن سکتے ہیں۔ ویب سائٹ یہ Betabeti.org ہے۔
- جب آپ کا کام ہو جائے تو پھر ہمیں اطلاع دیں تاکہ پھر لوگ آپ سے رابطہ نہ کریں۔
- رشتہ ہونے کی صورت میں آپ اپنا فارم ریکارڈ سے خارج کرنے کے لئے ہمیں اطلاع ضرور دیں تاکہ مستقبل میں آپ کو تکلیف اور ذہنی کوفت نہ ہو۔
- چونکہ اس قسم کی سہولت اور سروس سے کئی افراد ناجائز فائدہ اٹھانے کو کوش کرتے ہیں لہذا ہم بھی احتیاطی تدبیریں اختیار کریں گے اور آپ سے بھی گزارش ہے کہ آپ محتاط رہیں اور پہلی ملاقات میں کسی کو اپنے گھر نہ بلائیں۔ کسی بھی قسم کی تکلیف یا نقصان کی صورت میں ہمارے ادارے کی کوئی ذمہ داری نہیں ہوگی۔
- چند افراد لڑکی والوں کی پارٹیاں کھانے کے لئے مختلف گھروں میں جاتے ہیں اور بالآخر دلآزاری پر بات ختم ہوتی ہے۔ ہم اس سلسلے میں سماجی اداروں اور ائمہ مساجد سے رابطہ کرکے آسانی پیدا کرنے کی کوشش کرسکتے ہیں۔
- یہ فارم اور ہمارے ادارے کی جانب سے کی جانے والی کوشش صرف آپ سے متعلقہ خاندانوں سے پہلا رابطہ تک ہے۔ رشتوں کے معاملہ میں مزید رابطہ، معلومات، تحقیق، اطمینان، اعتماد پیدا کرنا اور استخارہ کرنا آپ کی ذمہ داری ہے اور اس سلسلے میں ہمارا ادارہ کسی بھی قسم کی کوئی ذمہ داری نہیں لیتا۔ اور نہ ہی کسی بھی قسم کی معاونت کرے گا۔
- اس ادارے سے رابطہ کے معاونین، یہ کام خدمت کے طور پر بھی کرسکتے ہیں اور اپنے وقت اور محنت کی فیس چارج کرسکتے ہیں۔ اور اس فیس کا ہمارے ادارے سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ یہ آپ کا اور ان کا معاملہ ہے۔ ہمیں امید ہے کہ برادریاں یہ کام خدمت کے جذبے کے طور پر کریں گے۔
- بیٹی کے لئے بھی اور بیٹے کے لئے بھی تین فارمز ہیں۔ (۱) عمومی معلومات (۲) ذاتی معلومات (۳) شریک حیات کے متعلق ترجیحات
- آپ ہمیں اپنی تجاویز دئے گے پتے اور ای میل پر بھیج سکتے ہیں۔

# تفصیلی طریقہ کار یہ ہے

## ۱۔ ویب سائٹ کھولیں


درج ذیل لنک کے ذریعے آپ ویب سائٹ کھولیں۔

http://www.betabeti.org/Account/ProfileSignup




## ۲۔ متعلقہ بیٹے یا بیٹی کو رجسٹر کروائیں

آپ اپنا نام اور فون نمبر درج کریں۔ آپ کا فون نمبر واٹس ایپ سے منسلک ہو۔





## ۳۔ تصدیق کا کوڈ

اب اس کے بعد آپ کے فون نمبر پر ایک پیغام آئے گا اور اس میں ایک نمبر درج ہو گا



## ۴۔ تصدیق کا کوڈ فارم میں شامل کریں۔

میسیج میں آئے ہوئے کوڈ کو آپ فارم میں درج کریں گے۔


BetaBeti.org Alpha Testing | About Us | Join Us | Sponsors | Contact Us | Help | Register | Log in

Verify Phone Number

Dear Muhammad Ali,
Verification code has been sent as SMS to the Mobile/Cell number **+923001234567**
Please enter the verification code below to verify your Phone number.


Verification Code: 8964

Verify | Use different Phone Number

Copyright © 2017 - BetaBeti.Org. All rights reserved.

## ۵۔ فارم کو مکمل کریں۔

اب آپ متعلقہ امیدوار کے متعلق مطلوبہ معلومات صحیح انداز سے اس فارم میں بھریں۔


BetaBeti.org Alpha Testing | About Us | Join Us | Sponsors | Contact Us | Help | Register | Log in


Registration Form

Download Instructions

Gender: Male
Name: Muhammad Ali
Father's Name: Abdul Rehman
Date of Birth: 01/31/1990
Marital Status: Unmarried
Caste: No Caste in Islam
Mobile/Cell Number: +923001234567
Ensure that your phone number is Whatsapp enabled
Email: muhammadali@gmail.com
Password: ••••••
Confirm password: ••••••


Register

Copyright © 2017 - BetaBeti.Org. All rights reserved.




## ٦۔ای میل کنفرمیشن کریں

جب فارم مکمل ہو جایگا اور آپ سبمٹ کر دیں گے تو آپ کو ایک ای میل بطور کنفرمیشن آیگی اور آپ کو اس ای میل کی تصدیق کرنی ہو گی۔





## ۷۔ادارہ کو آپ کی معلومات دیکھنے کو موقع دیں۔

ادارہ اس بات کا جائزہ لے گا کہ آپ نے تمام معلومات مکمل کیں یا نہیں کیں۔


## ۸۔دو دن کے بعد آپ اپنے آپ کو لاگ ان کریں


اس دوران اپنی ای میل کو دیکھیں کہ ادارے کی جانب سے کوئی سوال تو نہیں آیا۔ اگر کوئی سوال آیا ہے تو اس جواب دیں۔اس بات کا خیال رکھیں کی اگر آپ نے مطلوبہ معلومات فراہم نہیں کیں تو اس بات کا امکان ہے کہ آپ کا اکاؤنٹ ہی ایکٹیویٹ نہ ہو۔ لہذا فارم میں درج تمام خانوں کو بھریں۔



## ۹۔ڈیش بورڈ پر مجوزہ رشتہ

جب آپ اپنے اکاؤنٹ کو لاگ ان کریں گے ڈیش بورڈ پر اس قسم کی تفصیلات آپ کے سامنے آجائینگی۔(یہ نام فرضی ہے)




## ۱۰۔مجوزہ رشتوں کا جائزہ اور رابطہ

مجوزہ رشتوں کا جائزہ لیں اور پھر چند کو دیئے گے لفافے اور تیر والے نشان پر بٹن دبا کر اپنا پیغام دیں اور رابطہ کریں۔اپنے فون نمبر اور دیگر معلومات دینے میں جلد بازی سے کام نہ لیں۔اس کے بعد احتیاط کے ساتھ آگے بڑھیں اور دینی ہدایات اور دنیاوی تجربات کی روشنی میں محتاط طریقے سے پیش قدمی کریں اور اس سہولت کو گناہوں کا ذریعہ نہ بنائیں۔ ہم نے یہ کام حسن نیت سے کیا ہے اور آپ حسن عمل کے ذریعے اسے بابرکت بنانے کی کوشش کریں۔